کے-الیکٹرک کی میزبانی میں یقین کیرئیر فیئر 2023 کا انعقاد

کراچی، 22 نومبر 2023: کے۔ الیکٹرک نے حال ہی میں ”یقین کیرئیر فیئر 2023“ کی میزبانی کی۔ یہ 2022 میں کامیابی سے منعقد ہونے والے کیرئیر فیئر کا دوسرا مرحلہ تھا۔ رواں سال کی تقریب کا مقصد خصوصی افراد کے لیے روزگار کے مواقع تلاش کرنا تھا۔ یہ اقدام کے۔ الیکٹرک کے Diversity and Inclusion کے عزم اور پائیدار ترقی کے ہدف-5 (ایس ڈی جی۔ 5) کے حصول سے ہم آہنگ ہے۔

اداروں میں شمولیت کو فروغ دینے کے تناظر میں منعقد کئے جانے والے کیرئیر فیئر کا مقصد ہمدردی اور افہام و تفہیم کے ماحول کو فروغ دینا اور موجودہ خلا کو پُرکرنا تھا۔ اس تقریب میں 16 بڑی کارپوریشنز، ملازمت کے خواہشمند خصوصی افراد اور اُن کو معاونت فراہم کرنے والے اداروں نے شرکت کی۔

اس مرتبہ کمپنی نے تقریباً 100 خصوصی افراد کی میزبانی کی، جن میں سے اکثر یت کو ان کے متعلقہ معاون اداروں نے سہولت فراہم کی جبکہ بقیہ امیدوار اپنے بل بوتے پر آئے تھے۔گفتگو کو موثر بنانے کے لیے ترجمان موجود تھے تاکہ تمام شرکاء کو مساوی مواقعوں کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے اور کمپنیاں اُن کے لیے ملازمت کے مواقعے ڈھونڈ سکیں۔

کے۔ الیکٹرک کے چیف پیپل آفیسر رضوان ڈالیا نے کیرئیر فیئر کے بارے میں رائے دیتے ہوئے کہا مستقبل کو مدنظر رکھنے والی پاور یوٹیلیٹی کی حیثیت سے کے۔ الیکٹرک خصوصی افراد کی اہلیت کو تسلیم کرتی ہے اسی لیے ہم مصائب کو دور کر کے خصوصی افراد کو بااختیار بنانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں۔ کے۔ الیکٹرک متنوع صلاحیتوں کو بروئے کار لانے پر یقین رکھتا ہے اور آج کی دنیا میں تیزی سے تبدیل ہوتے ہوئے روزگار کے منظر نامے میں مختلف قسم کی صلاحیتوں کو حاصل کرنے کی اہمیت کو تسلیم کرتا ہے۔ آج کی دنیا میں صحت مند، جامع ماحول ضروری ہے جہاں لوگ ترقی کر سکتے ہیں، خیالات کا اشتراک کر سکتے ہیں، جدت طرازی کرسکتے ہیں اور اجتماعی ترقی کے لیے موثر طریقے سے اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں۔

کے۔ الیکٹرک کے"Yaqeen-EnablingAbilities" پروگرام کے ذریعے خصوصی افراد کو انٹرن شپ اور باقاعدہ ملازمتیں فراہم کی جاتی ہیں۔ فی الوقت کے۔ الیکٹرک میں 12 ملازمین مستقل بنیادوں پر کام کر رہے ہیں، ساتھ ہی 2023 میں مختلف خصوصی افراد کو 10 انٹرن شپ بھی فراہم کی جائیں گی۔ کے۔ الیکٹرک انہیں افرادی قوت میں ضم کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔

اس سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے کے۔ الیکٹرک ہمدردی وافہام و تفہیم اور تنوع و جامعیت کو فروغ دے رہا ہے۔ کمپنی قابل رسائی انفرااسٹرکچر اورروابط میں اضافے کیلئے مسلسل اقدامات کرتی رہتی ہے۔ اس مقصد کے لیے علیحدہ واش رومز، پارکنگ کی جگہیں اور ریمپس کی تعمیر کی جاتی ہے۔ یہ اقدام کے۔ الیکٹرک کے اقدار اور خصوصی ا فراد کو محفوظ اور قابل رسائی ماحول فراہم کرنے کے عزم کی تجدید ہے۔

کے۔ الیکٹرک کا تعارف

کے۔ الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے۔ 1913ء میں بنی کمپنی کی پاکستان میں شمولیت کے ای ایس ای کے نام سے ہوئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اُس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص (شیئرز) پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں لسٹڈ ہیں، اور کے ایس ای پاور کی ملکیت ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کے۔ الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد حصص ہیں۔